© rasailojaraid.com

افسوس ہے کہ جگہ کی قلت کی وجہ سے ہم نہ اس کتاب کے اچھے اچھے مندرجات کو پیش کر سکتے ہیں، نہ اخلاقی نکات پر بحث کر سکتے ہیں۔

---

**ترکی کا مردِ مجاہد** | تصنیف ڈاکٹر سعید رمضان البوطی۔ ترجمہ از مولینا خلیل حامدی۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ۔ لاہور۔ تقسیم کنندہ: المنار بک سنٹر، منصورہ ملتان روڈ، لاہور۔ کوڈ ۵۴۵۷۰۰۔

مشرق و مغرب کے درمیان ایک پُل کی طرح قائم ترکی بڑی اہمیت کی مُسلم سلطنت ہے۔ جہاں اسلام اور مغربیت اور سیکولرازم اور آمریت کی شدید کشمکش کی لمبی تاریخ ہے۔ یہاں جن ہستیوں نے انور پاشا کے بعد لادینی آمریت کے پتھروں کو توڑ توڑ کر دعوتِ اسلام کے لیے راستہ بنایا، ان میں بڑا ممتاز مقام بدیع الزمان سعید نورسی کا ہے۔ ترکی قوم اور نوجوانوں میں بیداری پیدا کرنے کے لیے اس مجاہد نے مخالفتوں اور قید و بند کے باوجود بڑی عرق ریزی سے کام کیا ہے۔ اس کی روداد لکھنے والا بھی صاف دل ہے اور ترجمہ کرنے والے صاحب بھی متاعِ سوز و ساز رکھتے ہیں۔

---

**گلشنِ اقبال** | مصنّف: پروفیسر اسرار احمد خاں سہاوری۔ ایم اے۔ ناشر: محمد انور خلیلی۔ ملنے کا پتہ: دارالاشاعت ادارۂ تنظیمِ مساجد ۱۱۵ سی سٹیلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ۔ قیمت: ۱۵/۰ روپے۔

میرے محترم دوست، بھائی، ادیب، شاعر، معلم، دانش ور ساری عُمر تعمیری و فلاحی ادب کی خدمت کرتے رہے اور اب بھی وہ خون اور پسینے کی آخری بوندیں اسی سفرِ عشق میں کھپا رہے ہیں۔ میرے دل میں ان کی بڑی قدر ہے۔ مگر جب کتابوں کا ڈھیر، اس وقت بھی یک صد کتابیں برائے ریویو ہوں گی، دیکھتا ہوں تو ہر مرتبہ جن اپنوں کی



© rasailojaraid.com